قرآن پاک، احادیث اور مستند کتابوں کے حوالہ جات سے مرتب کردہ
انسانی زندگی میں پیش آنے والی چھوٹی لیکن پہاڑ جیسی
پریشانیوں کے حل کے لیے
حل
مشکلات
جسمانی اور آسیبی بیماریوں کا قرآنی اور روحانی علاج
ان اللہ علی کل شئ قدیر
ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر 22۔اردو بازار لاہور
فون: 042-37116363
موبائل: 0333-4224994

قرآن پاک، احادیث اور مستند کتابوں کے حوالہ جات سے مرتب کردہ

انسانی زندگی میں پیش آنے والی چھوٹی لیکن پہاڑ جیسی پریشانیوں کے حل کے لیے

حل مُشکلات

جسمانی اور آسیبی بیماریوں کا قرآنی اور روحانی علاج

إن الله على كل شيء قدير

ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر 22-اُردو بازار لاہور
فون: 042-37116363
موبائل: 0333-4224994

گلدستہ درود شریف

1

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ

درود اعلیٰ: صلوٰۃ ناصری میں لکھا ہے کہ: یہ درود شریف پڑھنے والا ابدا تنگی، راہزنی، خوف، حادثات اور چوری وغیرہ سے محفوظ رہے گا

2

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ ؀

درود خاص: کوئی مصیبت یا رنج و غم آ جائے تو سچے دل سے اسے پڑھنے سے ہر قسم کی مصیبتیں اور رنج و غم دور ہو جائے گا۔ انشاء اللہ

3

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

اسی برس کے گناہ معاف

حدیث مبارکہ ہے کہ حضرت سہل بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:
جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر اسی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اس کے اسی برس کے گناہ معاف ہو جائیں گے

4

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ کَمَا لَا نِہَایَۃَ لِکَمَالِکَ وَعَدَدَ کَمَالِہٖ

دفع نسیان کا نسخہ: دفع نسیان کیلئے یہ درود شریف مغرب اور عشاء کے درمیان کسی عددِ معین (یعنی گنتی) کے بغیر پڑھیں

5

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

درودِ مغفرت: تاجدار عرب و عجم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے

6

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰٓی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم: وہ شخص بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

7

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَہَا اَھْلٌ وَّھُوَ لَہَا اَھْلٌ

گیارہ ہزار درود کے برابر ثواب: حافظ سیوطیؒ نے فرمایا کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے

8

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ؀

خزینۂ فضائل و برکات: یہ درود شریف ہر نماز جمعہ کے بعد مدینہ منورہ کی جانب منہ کرکے سو مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فضائل و برکات حاصل ہوتے ہیں

9

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ ؀

منہ کی بدبو زائل

یہ درودِ پاک ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ پڑھنے سے بدبودار چیزیں کھانے سے منہ میں پیدا ہونے والی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

10

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

ایک پسندیدہ درود شریف

حضرت شیخ المشائخ شاہ ولی اللہؒ کے والد بزرگوار نے انہیں یہ درود شریف پڑھنے کو فرمایا تھا صاحب کو ایک روز
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی انہوں نے یہ درود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھا جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا

11

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ ؀

ہزار دن تک نیکیاں

مزرع الحسنات میں ہے کہ: جو شخص یہ درود پاک ایک مرتبہ پڑھتا ہے
تو ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس کے نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

قرآن پاک، احادیث اور مستند کتابوں کے حوالہ جات سے مرتب کردہ

حل مشکلات

آسیبی و جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج

ترتیب وتالیف

میاں نوید ناصر

معاونین

برکت علی، محمد عمران، ساجد علی، امداد حسین، محمد سلیم، رانا محمد اویس، سجاد حسین

ہدیہ :60 روپے

ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر 22- اُردو بازار لاہور
فون 042-37116363
موبائل 0333-4224994
0331-4882727

نیو وحید کاپی ہاؤس ہارون آباد۔ فون: 063-2253000

اقبولیت دعا

حضرت امام محمد تقی علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ کلمات قبولت دعا اور حاجت طلب کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

جگر کے تمام امراض

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِکَلِمَاتِ رَبِّیْ

ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا لیا جائے۔ عورتیں گلے میں پہنیں اور مرد بازو پر باندھیں۔ اس کے علاوہ کاغذ یا پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پیئں۔ جگر یا گردوں کی خرابی سے اگر جسم پر ورم آجائے، وہ بھی اس علاج سے ختم ہو جاتا ہے۔

جانوروں میں دودھ کی کمی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فِیْ ثَمَرَۃٍ رِّزْقًا

۹۹	۹۹	۹۹
۹۹	۹۹	۹۹
۹۹	۹۹	۹۹

کسی ایسی صاف لکڑی پر جس میں بدبو نہ ہو یہ نقش لکھ کر لکڑی میں سوراخ کر کے ڈوری سے بکری، گائے یا بھینس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ دودھ کی فراوانی ہو جائے گی۔

جنسی کشش پیدا کرنے کیلئے

بعض حالات میں ایسی صورت پیدا ہو جاتی ہے کہ عورت یا مرد کے اندر جنسی جذبہ یا تو بہت کم ہو جاتا ہے یا بالکل نہیں رہتا۔ اس کو معمول پر لانے کے لئے ایک کاغذ پر اَلْقَیْنَا اَلْفَیْنَا لکھ کر عورتیں چوٹی میں اور مرد بازو پر باندھیں۔

جنسی رغبت (غیر مرد یا عورت سے) ختم کرنے کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ ط

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط لَاتَاْ خُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط

پڑھ کر ایک پیالی پانی پر دم کریں اور پلائیں۔ یہ عمل چالیس روز تک برقرار رکھیں۔

جادو کا توڑ

زیادہ تر حالات میں جادو کا خیال وسوسہ سے زیادہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا لیکن جادو سے انکار بھی نہیں کیا جا سکتا۔ جادو ایک علم ہے جو قرآن پاک سے ثابت ہے۔ فی الواقع اگر کسی شخص پر جادو کا اثر ہو اور کوئی جاننے والا اس کی تصدیق بھی کر دے کہ جادو کیا گیا ہے۔ تب یہ علاج کیا جائے۔

صبح بہت سویرے اٹھ کر فجر کی نماز پڑھے اور سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ پڑھتے پڑھتے سمندر، دریا یا ندی پار کر لے۔ دوران سفر بات کرنا منع ہے۔ ندی یا دریا پار کرنے کے بعد پانی کے کنارے مشرق رُخ منہ کر کے اکڑوں بیٹھ جائے اور انگشت شہادت سے ھَامَانُ ھَارُوْتُ مَارُوْتُ لکھ کر ہاتھ سے مٹا دے۔ لکھنے اور مٹانے کا یہ عمل ہر حال میں سورج نکلنے سے پہلے کیا جائے۔ کسی جگہ اگر سمندر یا دریا نہ ہوں وہاں آبادی سے باہر کنویں کے پانی میں اپنے چہرہ کا عکس دیکھے۔

امتحان میں کامیابی کیلئے

عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین سو مرتبہ

اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ

پڑھ کر خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ یہ عمل امتحان کا نتیجہ آنے تک جاری رکھنا چاہیے۔

اولاد کا نافرمان ہونا

یہ بات بہت زیادہ غور طلب ہے کہ بچے ذہنی طور پر جو کچھ قبول کرتے ہیں اس میں آدھا حصہ ماں باپ کی طرز فکر اور گھر کے ماحول سے بنتا ہے اور آدھا حصہ باہر کے ماحول سے۔ اگر گھر کا ماحول پرسکون نہ ہو اور ماں باپ لڑتے جھگڑتے رہیں تو بچے بھی ماں باپ کی عادت اختیار کر لیتے ہیں۔ پھر یہ عادت ان میں پختہ ہو جاتی ہے، پہلے بہن بھائی آپس میں دست و گریباں ہوتے ہیں اور پھر ماں باپ سے لڑنا شروع کر دیتے ہیں کیونکہ ماں باپ میں ذہنی ہم آہنگی نہیں ہوتی اس لیے وہ بچوں کی عادت پر چشم پوشی اختیار کرتے ہیں نتیجے میں بچے گستاخ ہو کر نافرمان ہو جاتے ہیں ایسے ماں باپ جن میں ذہنی ہم آہنگی ہوتی ہے یا اپنے مسائل کی تلخی کو اولاد کے سامنے ظاہر نہیں ہونے دیتے ان کی اولاد ماں باپ کی خدمت گزار ہوتی ہے۔ بے جا لاڈ پیار یا بات بے بات سختی بھی بچوں کو باغی بنا دیتی ہے۔ یہ مسئلہ نہایت تکلیف دہ ہے۔ اللہ تعالیٰ والدین کو اس سے محفوظ رکھے۔

طرزِ عمل میں تبدیلی کے ساتھ نافرمان اولاد کے لئے اگر یہ عمل کر لیا جائے تو اس کی برکت سے اولاد فرمانبردار ہو جاتی ہے۔

رات کے وقت بچہ یا بڑا جب گہری نیند سو جائے، سرہانے کھڑے ہو کر ایک مرتبہ:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ ۝ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

ماں یا باپ اتنی آواز سے پڑھیں کہ سونے والے کی نیند خراب نہ ہو۔ عمل کی مدت گیارہ روز اور زیادہ سے زیادہ اکیس روز ہے۔

نظر لگنا

جو بچے ماشاءاللہ تندرست، خوش شکل یا ذہین ہوتے ہیں ان کو اکثر بڑوں کی نظر لگ جاتی ہے۔ گویا بات تعجب خیز ہے لیکن مشاہدہ میں آئی ہے کہ ماں باپ اور بہن بھائی کی بھی نظر لگ جاتی ہے۔

نظر لگنے سے بچہ بے چین ہو جاتا ہے۔ دودھ پینا چھوڑ دیتا ہے۔ روتا ہے۔ بخار بھی ہو جاتا ہے۔ روز بروز چڑچڑا اور کمزور ہوتا چلا جاتا ہے۔

نظر اتارنے کے لئے بِسْمِ اللّٰہِ شریف کے بعد اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ (پوری سورۃ) پڑھ کر بچے کے منہ پر پھونک ماریں۔ نظر کا اثر زائل ہو جائے گا۔

خواب میں ڈرنا

ہر وقت کچھ نہ کچھ سوچتے رہنے سے، وہ روشنیاں جو اعصابی نظام بنتی ہیں، منتشر ہو کر ضائع ہو جاتی ہیں۔ نتیجہ میں دماغ کا وہ حصہ جس پر شعوری تحریکات کا دارومدار ہے کمزور پڑ جاتا ہے اور جب یہ صورت واقع ہو جاتی ہے تو ڈراؤنے خواب زیادہ نظر آتے ہیں۔ اس کے لیے چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو اور بغیر وضو اَلشَّافُ نَظِیْفَةٌ کا ورد کرتے رہیں۔

بچوں کا گم ہو جانا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا اِسْرَافِیْلُ

۵	۴	۲
۱۴	۷	۱۰
۶۰	۳۶	۹

ابرک یا موٹے کاغذ پر لکھ کر پتھر یا سِل کے نیچے ایسی جگہ دبا دیں جہاں کوئی اُلٹ پلٹ نہ کرے۔

زیادہ سے زیادہ تین دن تک انتظار کریں۔ بچہ واپس گھر آجانے پر تعویذ کو بہتے پانی میں ڈال دیں اور سوا پانچ روپے خیرات کر دیں۔

بلڈ پریشر، نروس بریک ڈاؤن، دماغی امراض

مندرجہ ذیل نقش کاغذ پر لکھ کر فلیتہ (بتی) بنائیں اور اس کو روئی میں لپیٹ کر مریض کی چارپائی کے قریب جلائیں۔ جب تک مرض سے نجات نہ مل جائے، یہ علاج جاری رکھیں۔

۹	۹	۹	۹
۹	۹	۹	۹
۹	۹	۹	۹
۹	۹	۹	۹

ہائی بلڈ پریشر کے لیے یہ تعویذ سبز رنگ سے لکھیں۔ لو بلڈ پریشر کیلئے یہ تعویذ سرخ رنگ سے لکھیں۔ نروس بریک ڈاؤن کے لئے یہ تعویذ زرد رنگ سے لکھیں دوسرے دماغی امراض میں یہ تعویذ نیلے رنگ سے لکھیں۔

نوٹ: اگر سبز، سرخ یا نیلا رنگ دستیاب نہ ہو تو زرد رنگ سے لکھنا کافی ہے۔ صرف شرط یہ ہے کہ رنگ کھانے میں استعمال ہونے والے ہوں۔

علاج کی مدت زیادہ سے زیادہ چالیس روز ہے۔ فلیتہ چاہے روز ایک بنائیں یا ایک سے زیادہ بنا کر رکھ لیں۔ فلیتہ جلانے کے لیے مٹی کے دیئے میں گھی استعمال کریں۔

سر کے بال لمبے کرنے کیلئے

جوانی کی عمر میں بال موٹے ہوتے ہیں جو بعد میں نسبتاً پتلے ہو جاتے ہیں۔ بال ایک حد تک بڑھنے کے بعد رک جاتے ہیں اور کچھ عرصہ کے بعد گر جاتے ہیں۔ بال کی عمر کم و بیش چار سال ہوتی ہے۔ کنگھی کرتے وقت اگر چند بال گر جائیں تو یہ کوئی تشویش کی بات نہیں ہے۔ لیکن اگر کنگھی میں بڑے بالوں کے ساتھ چھوٹے بال بھی نکل آئیں تو اس کا کوئی نہ کوئی سبب ضرور ہوتا ہے، جس کو بیماری کا نام دیا جا سکتا ہے۔

بالوں کے گرنے میں عموماً پہلی علامت خشکی ہوتی ہے۔ یہ خشکی ملاوٹی غذاؤں کے استعمال، تیز خوشبودار غیر خالص تیل، سر دھونے میں ناقص صابن کا استعمال، کھانے میں نمکین، اور بہت زیادہ چٹ پٹی چیزوں کے استعمال کی وجہ سے ہوتی ہے۔ ان چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔

اَلْکَرِیْمُ الْعَاصُ وَالْمَفَانَاتُ الْفَامُ

بہن بھائیوں کا جھگڑا

جب ایسی صورت واقع ہو جائے کہ بڑے بھائی بہن چھوٹوں سے شفقت سے پیش نہ آئیں اور چھوٹے بڑوں کی نافرمانی کریں تو:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ ج صلے

سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر تکیوں پر چالیس روز تک دم کیا جائے لیکن یہ احتیاط لازمی ہے کہ ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے۔

بدبختی کی وجہ سے پریشانی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ج

اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ

اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط

عشاء کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر لیں۔ یہ عمل اکیس روز چالیس روز یا نوے دن تک جاری رکھیں۔ جیسے حالات ہوں اس کے مطابق عمل کریں۔

بیماری جو سمجھ میں نہ آئے

کاغذ پر

۰ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱

۱۴ ۱۳ ۱۲ ۱۱ ۱۰ ۹ ۸

لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ اگر بیماری دورے کی شکل میں ہو تو ایک تعویذ دھو کر پلائیں۔

پیٹ کا بڑھنا اور موٹاپا کم کرنے کیلئے

۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲

یہ نقش ایک بڑے کاغذ پر لکھ کر رات کو سونے سے پہلے اور صبح اٹھنے کے بعد پیٹ پر دائروں کی صورت میں ملا جائے۔ ہر روز پیٹ کو کسی ڈوری یا فیتہ سے ناپا جائے۔ پہلے ہی روز پیٹ گھٹنا شروع ہو جائے گا۔ جب پیٹ اپنی اصلی حالت پر آجائے یہ عمل ترک کریں۔ اس دوران اگر کاغذ پھٹ جائے تو اس کو جلا دیں اور نئے کاغذ پر یہ نقش دوبارہ لکھ لیں۔

پنڈلیوں یا ٹانگوں کے پٹھوں کا بیکار ہونا

کالے تلوں کا آدھا سیر تیل اپنے سامنے نکلوائیں۔ اس پر

كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ اِلىٰ اَصْلِه

گیارہ ہزار بار پڑھ کر دم کریں۔ ترکیب یہ ہے کہ تیل کسی بوتل میں کارک لگا کر محفوظ کر لیں روزانہ ایک نشست میں جتنی بار پڑھ سکیں (کم از کم ایک ہزار بار پڑھنا ضروری ہے) پڑھ کر کارک کھول کر بوتل میں پھونک ماریں اور بوتل پر کارک لگا دیں اس طرح گیارہ ہزار کی تعداد پوری کر لیں۔ استعمال کا طریقہ یہ ہے۔ روزانہ تین ماشہ تیل روٹی پر چپڑ کر کھائیں اور تین تین ماشہ روزانہ ہلکے ہاتھ سے دونوں گھٹنوں اور پنڈلیوں پر مالش کریں۔

چوری کی عادت چھڑانے کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ

يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ

کاغذ پر لکھ کر اس شخص کے تکیہ کے اندر روئی کے بیچ میں رکھ دیں۔ جس سے چوری کی عادت چھڑانا مقصود ہے۔ یہ تکیہ کوئی دوسرا شخص سر کے نیچے نہ رکھے۔

چوری شدہ مال کی واپسی کیلئے

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ o

کاغذ پر لکھ کر کسی وزنی پتھر کے نیچے ایسی جگہ دبا دیں جہاں پتھر ہلے جلے نہیں اور جب تک چوری شدہ مال مل نہ جائے پڑھتے بھی رہنا چاہیے۔

چلنے پھرنے سے معذوری

جسم کی لمبائی کے برابر کچے سوت کا نیلا دھاگہ سات مرتبہ ناپیں اور اس کو اتنا چھوٹا کر لیں کہ گلے میں ڈالا جا سکے۔ ایک مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ o

پڑھیں اور دھاگہ میں ایک گرہ دیں۔ اس طرح اکیس گرہیں لگائیں اور یہ گنڈا مریض کے گلے میں ڈال دیں شفایابی کے بعد گنڈا اتار کر نہر، دریا یا سمندر میں بہا دیں۔

چہرہ کو خوبصورت اور پرکشش بنانے کیلئے

کچھ چہرے ایسے ہوتے ہیں کہ نقص نہ ہونے کے باوجود جاذبِ نظر نہیں ہوتے یہ صورت حال بعض اوقات بڑی اذیت ناک ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص مسلسل نظر انداز ہوتا رہے تو پست ہمتی اور احساسِ کمتری کا شکار ہو جاتا ہے۔

فَاوَ الْقَلَمُ وَ ذَاتُ الْکَلَامُ

م	ن		م	ن		م	ن
و	ہ		و	ہ		و	ہ

عمدہ قسم کی سیاہ چمکدار روشنائی سے فل اسکیپ سفید آرٹ پیپر کے اوپر خوشخط لکھ کر فریم کرا لیا جائے۔ اس فریم شدہ نقش کو رات کو سونے سے پہلے تین چار فٹ کے فاصلہ سے دس یا پندرہ منٹ روزانہ دیکھا جائے۔

ایک سو مرتبہ قَالَ یٰبُشْرٰی هٰذَا غُلٰمٌ ط وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ط

پڑھ کر ایک لوٹے پانی پر دم کریں اور اس پانی سے منہ دھوئیں۔ منہ دھونے کے بعد دونوں گال تھپ تھپائیں تولیہ یا کپڑے سے چہرہ خشک کئے بغیر سو جائیں۔ البتہ پانی کیاری یا گملے میں ڈالیں تا کہ بے حرمتی نہ ہو۔

علاج کی مدت کم سے کم چالیس روز زیادہ سے زیادہ نوے دن ہے۔ خواتین ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کرلیں۔

حاسد یا دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد یا رات کو سونے سے پہلے اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ط

سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر سینہ پر پھونک ماریں۔ انشاء اللہ حاسد اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ یہ عمل ضرورت کے بغیر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف ایسی صورت میں پڑھنا چاہیے جب اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ کوئی شخص دشمنی کر رہا ہے۔

حسب دلخواہ شادی کے لیے

تعویذ لکھنے کا طریقہ: مندرجہ ذیل نقش کے اوپر باریک کاغذ رکھ کر خانے بنا لیں اور کاغذ کو الگ

کر کے اوپر بسم اللہ شریف لکھیں اور پھر خانہ پُری اس طرح کریں کہ پہلے وہ چار خانے لکھیں جس پر نمبر (۱) ڈالا گیا ہے۔ پھر نمبر (۲) کی خانہ پری کریں اسی طرح ترتیب سے آٹھوں خانے لکھ لیں۔ اس کے نیچے مُحب (یعنی جو شادی کرنا چاہتا ہے) کا نام اور اس نام کے بعد اَلْحُبّ لکھ کر محبوب (یعنی جس سے شادی کرنا مقصود ہے) کا نام لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

يَكُنْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	و	(۳)
اَللّٰهُ	اَحَدٌ	اَللّٰهُ	هُوَ	(۵)
لَهٗ	يَكُنْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	(۷)
اَحَدٌ	اَللّٰهُ	هُوَ	قُلْ	(۱)
وَلَمْ	يَلِدْ	لَمْ	اَلصَّمَدُ	(۶)
قُلْ	اَحَدٌ	كُفُوًا	لَهٗ	(۴)
يَلِدْ	لَمْ	اَلصَّمَدُ	اَللّٰهُ	(۲)
	اَحَدٌ	كُفُوًا	(۸)	

.... اَلْحُبُّ ....

مثلاً رضیہ بی بی اَلْحُب گلزار علی

یہ تعویذ مُحب اپنے تکیہ کے نیچے رکھے، مگر بہت جلدی اثر مطلوب ہو تو دو پتھروں کے درمیان اس تعویذ کو دبا دیں۔ ہر پتھر کا وزن کم سے کم دو سیر ہونا چاہیے۔ پتھر زیادہ وزنی ہوں تو کوئی حرج نہیں لیکن دو سیر سے کم نہ ہوں۔ یہ پتھر زمین پر رکھیں۔ کسی تختہ، چوکی یا تخت پر نہ رکھے جائیں۔ یہ عمل صرف جائز مقصد کیلئے کیا جائے ناجائز کام کے لیے نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

حافظہ کی کمزوری دور کرنے کیلئے

صبح نہار منہ وضو یا کلی کر کے رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ تین مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پی لیں۔ اس عمل کو چالیس روز تک برقرار رکھنا چاہیے اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لیں۔

رسولی

رسولی جسم میں کسی بھی جگہ ہو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

⊗ ⊗ ⊗ ⊗ ⊗

(دائروں کے بیچ میں نقطہ لگا کر اسے اس طرح کاٹیں کہ کراس بن جائے)

کاغذ یا پلیٹ پر زرد رنگ یا زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر دن میں تین وقت کئی ماہ تک پئیں یہاں تک کہ رسولی ختم ہو جائے۔

سیدنا حضور ﷺ کی زیارت و قدمبوسی

پیارے نبی، شفیع المذنبین رحمتہ للعالمین، سرکار دو عالم آقائے دو جہاں سرور کائنات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت اور قدمبوسی حاصل کرنے کے لئے بعد نماز عشاء سب کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو سونے سے پہلے:

صَلَّی اللّٰہُ تعالیٰ عَلیٰ حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا وَدُوْدُ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعِ جَلَّ جَلَالُہٗ یَاحَفِیْظُ

جسم کا پاک صاف ہونا چاہیے، نماز پنجگانہ ادا کرنا چاہیے اور بعد میں تین سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کر کے پندرہ بیس منٹ حضور اکرم ﷺ کا تصور کریں۔ اور بات کئے بغیر اسی تصور کو قائم رکھتے ہوئے سو جائیں۔ اکیس روز کے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ حضور ﷺ کی زیارت اور قدم بوسی کی سعادت نصیب ہو جائے گی، زیارت کی سعادت حاصل ہونے کے بعد میٹھے چاول پکا کر بچوں کو کھلا دیں۔

شادی کیلئے

سب کاموں سے فارغ ہو کر رات کو سونے سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سورہ اخلاص اکتالیس بار پڑھیں صرف شادی کیلئے دعا کریں۔ عمل کی مدت نوے دن ہے۔ اس عرصہ میں منگنی یا شادی ہو جائے تو بھی نوے دن پورے کرنا ضروری ہیں۔ عورتیں ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کریں۔

شوہر کا غصہ ختم کرنے کیلئے

بیوی شوہر کی نسبت زیادہ محبت کرنے والی ہوتی ہے۔ اس کے اندر محبت کا تلاطم خیز سمندر رہی ہے جس کی بنا پر نسلِ انسانی کی بقا اور نشو ونما جاری ہے اگر بیوی کے ساتھ پوری محبت کی جائے اور شوہر کی طرف سے اس کو ذہنی سکون میسر آ جائے تو معاشرے کی زیادہ تر برائیاں ختم ہو سکتی ہیں جس کا اثر براہ راست آنے والی نسلوں پر پڑتا ہے۔

شوہر کے ناروا سلوک سے نجات پانے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد بیوی اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الۡوَاسِعِ جَلَّ جَلَالُہٗ

مصلے پر بیٹھ کر ایک تسبیح پڑھے اور دُعا کرے:

اگر ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ شوہر طلاق دینے پر آمادہ ہو یا اس کے اندر بیوی کو علیحدہ کرنے کی ضد پیدا ہو جائے یا بیوی کو گھر سے نکال دے اور انتقاماً اسے گھر نہ بلائے تو بیوی کو چاہیے کہ رات کو سونے سے پہلے باوضو مصلے پر بیٹھ کر اکتالیس بار سورہ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پوری سورۃ پڑھ کر بات کئے بغیر بستر میں چلی جائے اور لیٹ کر آنکھیں بند کر لے اور اپنے شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائے۔ اس عمل کی مدت بھی نوے دن ہے۔ عورتیں ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کریں۔

شوہر کے ساتھ بیوی کی زیادتی

ہر آدمی تین کمزوریوں سے مرکب ہے۔ (۱) حکمرانی کی خواہش (۲) جنس کا غلبہ (۳) غضب یا غصہ۔ یہ تینوں کمزوریاں عورت اور مرد دونوں میں ہوتی ہیں بعض گھرانوں میں عورتوں میں غصہ اس قدر زیادہ ہوتا ہے کہ مرد کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے، اس کا علاج بھی وہی ہے جو ہم "شوہر کا غصہ ختم کرنے کیلئے" کے عنوان سے بیان کر چکے ہیں۔ بجائے بیوی کے شوہر یہ عمل کرے۔

شوہر اور بیوی کا دست و گریبان ہونا

تالی دونوں ہاتھ سے بجتی ہے۔ میاں بیوی دونوں بات بے بات لڑتے رہیں تو اس گھر کی فضا مکدر ہو جاتی ہے اور اولاد کی تربیت میں بڑا سقم واقع ہو جاتا ہے اس کا تدارک اس طرح کرنا چاہئے کہ میاں بیوی دونوں میں سے کوئی ایک اولاد کی تربیت کی خاطر ایثار کرے اور خاموشی اختیار کرے۔ وہ مثال تو آپ نے سُنی ہو گی "ایک چپ سو سکھ" بالفرض محال اگر دونوں میں سے کسی کو طبیعت میں ایثار نہ ہو تو

وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ط

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ٥

ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھ کر ایک گھونٹ پانی پر دم کر کے پییں۔

(آیت کا ترجمہ یہ ہے "جو لوگ غصہ پی جاتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں۔ اللہ احسان کرنے والے ایسے بندوں سے محبت کرتا ہے۔")

عورتوں کے امراض

حمل ضائع ہونا اور بچوں کا پیدا ہوتے ہی مر جانا:

ماں کے پیٹ میں بچے کی صحیح نشوونما نہ ہونا یا بچے کا پیدا ہوتے ہی مر جانا۔ ان حالات کی وجہ ماں کے دماغ میں ان خلیوں کی کمزوری ہوتی ہے جو بچے کی تخلیق میں کام کرتے ہیں۔ ماں کے دماغ میں کمزوری کی وجہ زیادہ تر ذہنی پیچیدگی، لیکوریا اور گھر کا ناخوشگوار ماحول ہوتا ہے۔ دورانِ حمل تیز، غلط اور زیادہ دواؤں کے استعمال سے بھی یہ صورت پیدا ہو جاتی ہے۔

ان سب اسباب کے تدارک کے ساتھ ساتھ اُمُّ الصِّبْیَان (اس کا بیان اُوپر آ چکا ہے) والا تعویذ زرد رنگ کے چکنے کاغذ پر لکھ کر بالکل ابتدائی دور میں ماں کو اپنے گلے میں پہن لینا چاہیے اور جمعرات کو شام کے وقت کپڑے کے خول سے نکالے بغیر تعویذ کو لوبان کی دھونی دینی چاہیے۔ ولادت کے بعد یہ تعویذ ماں اپنے گلے سے اتار کر بچے کے گلے میں پہنا دے۔

اولاد نہ ہونا (بانجھ پن)

اولاد نہ ہونے کے بے شمار اسباب ہوتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ عورت کے اندرونی نظام میں مرض واقع ہو جائے یا مرد کے اندر اولاد کے جرثومے نہ ہوں۔ اگر مرد اور عورت دونوں کی صحت ٹھیک ہے اور استقرار حمل نہیں ہوتا تو قرآن پاک کی ان آیتوں کی برکت سے انشاء اللہ ماں کی گود بھر جائے گی۔ سو مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ٥ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

مِنْ عَلَقٍ ٥ حٰمٓ ٥ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ٥

عورت عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اور پانی پر دم کر کے نوے دن تک خود پیئے اور شوہر کو بھی پلائے۔ ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لئے جائیں۔

لیکوریا (رحم کے جملہ امراض)

هُوَ الْاَمْرُ مِنْ عَمَا نَوِیْل

بِحَقِّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

یَابَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْاَرْحَامَ

رحم کے امراض (جن میں رسولی بھی شامل ہے) کے لئے مندرجہ بالا تعویذ گلے میں پہنائیں شدت کی صورت میں ایک تعویذ روزانہ صبح نہار منہ چالیس روز تک پانی میں دھو کر پیں یا پلائیں۔

بچہ کی پیدائش میں آسانی

×××××

+++++

مندرجہ بالا نقش موی کاغذ پر لکھ کر پیدائش کے وقت حاملہ کی سیدھی ران پر باندھیں انشاء اللہ ولادت آسانی کے ساتھ ہوگی۔

احتیاط: یہ تعویذ اس وقت تک ران میں نہ باندھا جائے جب تک کہ ولادت کے آثار شروع نہ ہوں کیونکہ تجربہ میں یہ بات آئی ہے کہ اگر آثار شروع نہ ہوں اور یہ تعویذ باندھ دیا جائے تو ولادت قبل از وقت ہو جاتی ہے۔ قبل از وقت پیدائش سے بچہ پر بُرا اثر پڑتا ہے۔

سینہ کا سپاٹ ہونا

سینہ کا صحیح اُبھار، خواتین کے حسن کا ایک لازمی حصہ ہے۔ غذا اور بچوں کی نشوونما کا فطری عمل بھی اسی پر قائم ہے۔ سینہ کا گداز پن، مرد، عورت دونوں میں امتیاز کا سبب بھی ہے۔ جو عورتیں اس حسن سے محروم ہوتی ہیں وہ مردوں کے لیے جاذب نظر نہیں رہتیں۔ اس کمی کو دور کرنے کیلئے سورہ والتین کی پہلی آیت

وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۝

رات کو سونے سے پہلے سو بار پڑھیں، سینہ پر دم کریں اور بات کئے بغیر سو جائیں۔ نوے دن کے اس عمل سے سینہ گداز اور خوبصورت ہو جاتا ہے۔ عمل کے ساتھ ساتھ تین ماہ تک روزانہ ایک چھٹانک پنیر استعمال کیا جائے۔

چہرہ اور جسم پر زائد بال۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد کیا ہے کہ ہم نے ہر چیز کو معین مقداروں کے ساتھ تخلیق کیا ہے۔ عورت اور مرد میں یہ معین مقداریں ہی انفرادیت قائم رکھتی ہیں۔

انسان کے اندر خون گردش کرتا رہتا ہے۔ ہوا روشنی اور کاسمک ریز کے ذریعہ زہر کی ایک کثیر مقدار

(جس پر انسان کی زندگی کے قیام کا انحصار ہے) انسان کے اندر داخل ہوتی رہتی ہے۔ یہ زہر مسامات کے ذریعہ پسینہ اور بالوں کی شکل میں خارج ہوتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بال اُن حصوں پر زیادہ ہوتے ہیں جہاں خون کا دباؤ نسبتاً زیادہ ہوتا ہے۔ مردوں کے چہرہ پر داڑھی ہوتی ہے لیکن عورتوں کے چہرہ پر بال نہیں ہوتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عورتوں میں خون کا یہ زہریلا اثر ایک مخصوص نظام کے تحت ہر ماہ خارج ہوتا رہتا ہے۔ اگر اس ماہانہ نظام صفائی میں خلل یا کمی واقع ہو جائے تو خلل یا کمی کی مناسبت سے عورتوں کے چہرہ پر بال نکل آتے ہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ماہانہ نظام کو بحال رکھا جائے اور ایک پاؤ کلونجی پانی سے دھو کر دھوپ میں سکھالیں اور کھلے منہ کی صاف شفاف نیلے رنگ کی شیشی میں بھر لیں۔ عشاء کی نماز کے بعد سو مرتبہ

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ

پڑھ کر کلونجی پر دم کر دیں اور شیشی کا ڈھکنا بند کر دیں۔ اس طرح اکیس روز تک کریں۔ بائیسویں روز سے صبح نہار منہ چوتھائی چائے کا چمچہ کلونجی سے بھر کر منہ میں ڈال کر دو تین گھونٹ پانی کے ساتھ نگل لیں۔ کلونجی کھانے کے آدھے گھنٹہ بعد تک کوئی چیز کھانا پینا منع ہے۔ ایک پاؤ کلونجی ختم ہونے تک یہ عمل جاری رکھا جائے۔

قرض کی وصولی کیلئے

يَا تَنْكَفِيْلُ يَا حَنُوَائِيْلُ يَا حَمْنَائِيْلُ

يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ

ایک کاغذ پر (کسی بھی روشنائی سے) لکھ کر اس کاغذ کی چار تہیں کر کے تعویذ بنا لیں اور اس کو دو پتھروں کے درمیان ایسی جگہ رکھ دیں جہاں ان پتھروں کو کوئی ہلائے جلائے نہیں ہر پتھر کا وزن کم از کم دو سیر ہونا چاہیے۔ دونوں پتھر سیدھے ہوں تا کہ تعویذ پر اوپر کے پتھر کا وزن پوری طرح پڑتا رہے۔

نوٹ: تعویذ کو زود اثر اور طاقتور بنانے کیلئے اس شخص کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے جس سے قرض وصول کرنا ہے تعویذ موڑنے سے پہلے لکھ دیا جائے۔

(۲)

عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس بار آیت الکرسی العظیم تک پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر لیں۔ اس کے بعد قرض وصول ہونے کی دُعا کریں۔ عمل کی مدت نوے دن ہے۔ خواتین ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لیں۔

قرض اُتارنے کیلئے

اول وآخر ایک ایک مرتبہ درود شریف ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اور ایک ہزار دفعہ **یَا فَتَّاحُ** سونے سے پہلے نوے (۹۰) دن تک پڑھ کر دعا کریں اور بات کئے بغیر سو جائیں۔

قیدی کی رہائی کیلئے

تسخیر حکام والا تعویذ قیدی گلے میں پہنے اور ہر جمعرات کو شام کے وقت تعویذ کو موم جامہ اور کپڑے کے خول سے نکالے بغیر لوبان کی دھونی دی جائے۔

قد میں اضافہ کیلئے

اگر قد کم رہ جائے اور اس میں اضافہ مقصود ہو تو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝ اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا مُرِیْدُ

زردہ کے رنگ اور عرقِ گلاب سے تین پلیٹوں پر لکھ کر ایک پلیٹ صبح نہار منہ، ایک عصر کے بعد اور ایک رات کو سوتے وقت پانی سے دھو کر چھ ماہ تک مسلسل پیئیں۔

اس کے علاوہ چوبیس گھنٹے میں کم سے کم بارہ گھنٹے لیٹنے کے پروگرام پر عمل کریں لیٹتے وقت اس بات کا خیال رکھا جائے کہ ٹانگیں کمان کی طرح نہ ہوں بلکہ سیدھی رہیں۔ سرہانا نسبتاً اونچا رکھیں، تاکہ دوران خون پیروں کی طرف زیادہ رہے۔

کھیتی باڑی میں برکت (اضافہ)

ایک بڑے کاغذ پر **اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ط**

لکھ کر پانچ یا دس سیر پانی میں دھولیں اور اس پانی کو کھیت میں چھڑک دیں۔ صرف ایک بار یہ عمل کر لینے سے زمین کی پیداوار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

منہ سے بد بو آنا

معدہ میں یبوست اور تعفن کی وجہ سے گیس جب اوپر کی طرف رجوع کرتی ہے تو منہ سے بد بو آنے لگتی ہے۔ اگر مسوڑھوں کے اندر یا دانتوں کے خلاء میں غذا کے ذرات جمع ہو کر سڑ جائیں تب بھی منہ سے بد بو آتی ہے لیکن وہ ''بو'' جو گیس کی شکل میں منہ سے خارج ہوتی ہے دوسرے لوگوں کیلئے انتہائی ذہنی تکلیف کا سبب بنتی ہے۔ مریض کو اس کا احساس نہیں ہوتا لیکن مخاطب کے اوپر اس بد بو سے وہی تاثر قائم ہوتا ہے جو کسی سخت بد بو دار چیز سے ہو سکتا ہے۔ اس کے دفیعہ کے لئے کھانے کے نظام العمل میں

اعتدال بہت ضروری ہے ایسے مریض کو چاہیے کہ وہ وقت بے وقت کوئی چیز نہ کھائے۔ جو کچھ بھی کھانا ہو صرف ان اوقات میں کھائے جو اس نے اپنے واسطے کھانے کیلئے مقرر کیے ہیں۔ باسی اور خمیر والی غذائیں ہرگز استعمال نہ کی جائیں کھانے ہلکے پھلکے اور زود ہضم ہونے چاہیں۔ جب بھی پانی پیئں تین مرتبہ "مَرْ کُوْنَ دُ کُوْنِی" پڑھ کر دم کر کے پیئں اور ظہر کی نماز کے بعد "مَرْ کُوْنَ دُ کُوْنِی" ایک تسبیح پڑھ کر ایک پونڈ خالص شہد پر دم کریں۔ یہ شہد دن میں تین وقت صبح ناشتہ سے پہلے دوپہر اور رات کو کھانے سے پہلے ایک ایک چمچی استعمال کریں۔ دانت ہر وقت بالکل صاف رہنے چاہیئں خواہ منجن سے کیے جائیں یا مسواک سے۔

مکان یا کسی دوسری جگہ کو خالی کرانا

ذاتی ضرورت کیلئے یا کرایہ دار کی طبیعت سے بیزار ہونے کے بعد مکان یا کسی جگہ کو خالی کرانا مقصود ہو تو عشاء کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ

وَاَلْقَتْ مَافِیْهَا وَتَخَلَّتْ ۝

پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور کرایہ دار کا تصور کر کے پھونک ماردیں۔ عمل کی مدت کم سے کم چالیس روز اور زیادہ سے زیادہ نوے دن ہے۔

نکسیر پھوٹنا

سفید کاغذ پر تین مرتبہ کالی روشنائی سے یَا بَدِیْعُ لکھیں۔ کاغذ کو جلادیں جلا ہوا کاغذ انگلیوں سے مسل کر نکسیر کے مریض کو سونگھائیں۔ چند بار یہ عمل کرنے سے نکسیر کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔

ناف ٹلنا

دو تالے اس طرح بنائیں کہ ایک تالے میں دوسرے تالے کا کنڈا آجائے۔

اور ایک شکل کاغذ پر بنا کر اسے موڑ کر تعویذ بنالیں۔ موم جامہ کر کے ڈوری کے ساتھ پیٹ پر اس طرح باندھیں کہ تعویذ ناف کے اوپر رہے۔ نہانے دھونے کی صورت میں تعویذ بندھا رہنے دیں۔ آرام ہونے پر پیران پیر دستگیر حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ کی روح کو ایصال ثواب کیا جائے۔

نشہ کی عادت چھڑانے کیلئے

نشہ کرنے والا شخص جب رات کو گہری نیند سو جائے اس کے قریب سرہانے کی طرف کھڑے ہو کر

سورہ المائدہ کی آیت 90:

یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ
وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْہُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

ایک مرتبہ اتنی آواز سے پڑھ کر سنائیں کہ سونے والے کی نیند خراب نہ ہو۔ چالیس روز کے اس عمل سے نشہ کی عادت ختم ہو جاتی ہے۔

آواز کو خوبصورت بنانا

بعض مرد جب بات کرتے ہیں تو ان کی آواز میں زنانہ پن محسوس ہوتا ہے۔ اسی طرح بعض عورتوں کی آواز پھٹی ہوئی ہوتی ہے اور اُن کی آواز میں کرختگی اور مردانہ پن ظاہر ہوتا ہے۔ شیریں سخن لوگوں سے سب متاثر ہوتے ہیں۔ آواز کو شیریں اور خوبصورت بنانے کیلئے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ۝

۵	۵	۵	۵	۵
۹	۹	۹	۹	۹
۱۱	۱۱	۱۱	۱۱	۱۱
۹	۹	۹	۹	۹
۵	۵	۵	۵	۵

روزانہ سیاہ رنگ روشنائی سے لکھ کر ایک گھڑے یا صراحی میں ڈال دیں۔ اور پینے میں صرف یہی پانی استعمال کریں۔ پانی ہر روز نیا بدل دیں۔ جو پانی بچ رہے اُسے کسی پاک جگہ یا کیاری میں بہائیں اس عمل کی مدت نوے (۹۰) دن ہے۔

آسیب کا تعویذ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ۝

یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ

یَا بَدِیْعُ یَا بَدِیْعُ یَا بَدِیْعُ

یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِا لْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

۹۹۹ ۹۹۹ ۹۹۹ ۹۹

یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ

یہ تعویذ کسی موی کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ جمعرات کے روز عصر کے بعد سورج غروب ہونے سے پہلے تعویذ کو کپڑے کے خول سے نکالے بغیر لوبان کی دھونی دیں۔

بغل اور پیروں میں سے بو آنا

بُغل اور پیروں میں بو آنا نہایت تکلیف دہ مرض ہے۔ ایسے مریض جب کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں یا اپنے جوتے اتارتے ہیں تو بدبو کا ایسا بھپکا نکلتا ہے کہ پاس بیٹھنے والے لوگ پریشان ہو جاتے ہیں۔ اس مرض سے نجات حاصل کرنے کیلئے گیارہ سو مرتبہ:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط۝

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیۡکُمُ الۡمَیۡتَۃَ وَالدَّمَ وَلَحۡمَ

الۡخِنۡزِیۡرِ وَمَاۤ اُہِلَّ بِہٖ لِغَیۡرِ اللّٰہِ ج

پڑھ کر ایک پونڈ خالص شہد پر دم کریں۔ اور صبح شام رات ایک ایک چمچی کھائیں دوران علاج کھانوں میں نمک کی مقدار کم سے کم کر دیں۔

کاروبار میں بندش

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اچھا خاصا چلتا ہوا کاروبار ٹھپ ہو جاتا ہے اور دکان یا کاروبار میں ایسی بندش واقع ہو جاتی ہے کہ تمام سامان اور وسائل مہیا ہونے کے باوجود بکری نہیں ہوتی اور آرڈر وغیرہ نہیں آتے۔ کہیں سے آرڈر ملتا ہے تو اس کی تکمیل نہیں ہوتی دکان میں خریدار آتے ہیں۔ مال پسند کرتے ہیں لیکن خریدے بغیر چلے جاتے ہیں اور یہی سامان دوسری دوکان سے زیادہ قیمت پر خرید لیتے ہیں۔ اس کے تدارک کے لیے یہ عمل کریں۔

صبح سویرے اُٹھ کر وضو کریں۔ دوکان یا دفتر میں ایسے وقت پہنچیں کہ ابھی سورج نہ نکلا ہو۔ ایک مرتبہ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ۙ پوری سورۃ پڑھ کر دکان یا دفتر کے دروازے پر دم کریں۔ پانچ قدم پیچھے ہٹ کر پیروں کے دونوں جوتے اتار لیں اور جوتوں کو ہاتھ میں لیکر تین دفعہ اس طرح جھاڑیں کہ جوتوں کے تلوے ایک دوسرے سے ٹکرائیں۔ اور جوتے پہن کر دکان یا دفتر کے اندر جا کر لوبان کی دھونی دے دیں۔ یہ عمل صرف ایک دفعہ کر لینا کافی ہے۔ اس عمل میں یہ بات پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ جوتے چمڑے کے تلے والے ہوں۔

کسی سوال کا جواب دیتے وقت زبان کا رُک جانا

نروس نیس Nervousness کی وجہ سے آدمی کے اوپر انجانا خوف مسلط ہو جاتا ہے اس کے باوجود کہ وہ مخاطب کے سوال کا جواب دینے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے مگر مخاطب کی شخصیت سے

مرغوب ہو کر اس کی بات کا جواب نہیں دے پاتا۔ اور بعد میں دل ہی دل میں کڑھتا ہے۔ اس سے نجات پانے کیلئے صبح سورج نکلنے سے پہلے وضو کر کے ایک مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھیں اور سات مرتبہ ہاتھ کے چلو میں تازہ پانی لے کر سات مرتبہ ناک میں چڑھائیں اور نکال دیں۔ یہ عمل پوری طرح شفاء حاصل ہونے تک جاری رکھنا چاہئے۔

گھر میں سب لوگوں کا بیمار رہنا

صحت کے اصولوں کے پیش نظر یہ بہت ضروری ہے کہ گھر صاف ستھرا رہے اور گھر میں سیلن نہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ گھر کی فضا کو صاف کرنے کے لیے لوبان یا بخور کی دھونی دیتے رہنا چاہیے اور یہ تلاش کرنا چاہئے کہ گھر کے سب افراد کیوں بیمار رہتے ہیں۔ اگر کوئی وجہ سمجھ میں نہ آئے تو یہ علاج کریں۔

۲۲۱۹۱۶۱۲۱۱۹۱۰۳

ک ل ک ا ی ل

لکھ کر ایسی جگہ لٹکائیں کہ تعویذ ہوا سے ہلتا رہے۔

نظر بد

نظر لگنا ایک ایسا عمل ہے جس سے انکار ممکن نہیں ہے۔ نظر بڑوں، چھوٹوں اور جانوروں کو بھی لگ جاتی ہے اور اس کے مختلف اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ کسی لڑکی کو نظر لگ جائے اور اس کی شادی نہ ہو۔ کسی مرد کو نظر لگ جائے اور اس کا دماغ متاثر ہو جائے اور سوچنے کی صلاحیتیں کم ہو جائیں۔ اور اس کی عام زندگی کے معمولات میں خلل واقع ہو جائے۔

دودھ دینے والے جانور اگر نظر بد کا شکار ہو جائیں تو وہ دودھ دینا چھوڑ دیتے ہیں یا دودھ کی بجائے تھنوں میں سے خون آنے لگتا ہے۔ یا دودھ میں مکھن کم ہو جاتا ہے۔

(ا) ایسی صورت میں کہ لڑکیوں کے رشتے آتے ہوں اور نظر کی وجہ سے طے نہ ہوتے ہوں تو لڑکی کی والدہ یا خود لڑکی الحمد شریف اس طرح پڑھے کہ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر سورۃ پوری کرے اور پانی پر دم کرے۔ اور یہ پانی تین گھونٹ میں لڑکی کو پلا دیا جائے یا لڑکی خود عمل کر کے پی لے۔ عمل کی مدت چالیس روز ہے۔

(ب) شادی میں رکاوٹ کے علاوہ نظر اتارنے کا طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر چند منٹ سر پر رکھیں، پھر جلا دیں۔ ایک تعویذ سے نظر بد کا اثر پوری طرح ختم نہ ہو تو تین تعویذ کافی ہیں۔

۱+۲+۵+۷+

اَلْقَابِضُ اَلْبَاسِطُ

(ج) جانوروں پر سے نظر بد ختم کرنے کے لیے یہی نقش بیری کی لکڑی یا کسی ایسی لکڑی پر لکھ کر جس میں بدبو نہ ہو متاثرہ جانور کے گلے میں ڈال دیں۔

آسیب کا علاج

آسیب ایک ایسا مرض ہے جو دماغ سے تعلق رکھتا ہے اس کی زیادہ تر وجہ یہ ہوتی ہے کہ خون میں مٹھاس کی نسبت نمک کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔

یہ خون سارے جسم میں دورہ کر کے جب دماغ کے دو کھرب خلیوں میں گردش کرتا ہے تو دماغ کے وہ خلیے جو انسان کے اندر شعوری حواس بناتے ہیں متاثر ہو جاتے ہیں نتیجہ میں مریض کندھوں پر وزن محسوس کرنے لگتا ہے اور اس کی نظروں کے سامنے ایسی چیزیں یا صورتیں آنے لگتی ہیں جن کو وہ سمجھ نہیں سکتا اور نہ ان کا آپس میں رابطہ یا تعلق قائم رکھ سکتا ہے۔ مثلاً یہ کہ اسے کسی عورت یا مرد کا ہیولا نظر آتا ہے چونکہ اس طرح غیب میں دیکھنا اس کی عادت نہیں ہے اس لیے وہ خوف زدہ ہو جاتا ہے اور ایسی حرکتیں کرنے لگتا ہے، جو شعوری حدود سے باہر ہوتی ہیں، بعض اوقات یہ تاثر اتنا گہرا ہوتا ہے کہ شعور میں تعطل واقع ہو جاتا ہے اور اس کے حواس لاشعوری تحریکات کے تابع ہو جاتے ہیں۔ اب وہ کوئی بات زمین کی کہتا ہے کوئی آسمان کی کبھی بے ہوش ہو جاتا ہے اور خود بخود ہوش میں آ جاتا ہے۔ کبھی بے بات ہنستا ہے اور کبھی کسی وجہ کے بغیر رونے لگتا ہے۔ یہ بھی ہوتا ہے کہ بھٹکی ہوئی روحیں، جن کی طبیعت میں تخریب ہوتی ہے مرنے کے بعد ایسے لوگوں کی تلاش میں رہتی ہیں جو دماغی اعتبار سے کمزور ہوں اور جب انہیں اپنی تخریب کاری کے لیے ایسا شکار مل جاتا ہے تو وہ اس کے سامنے آ جاتی ہیں اور اس کے شعور کو معطل کر دیتی ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے کہ ایک کاغذ پر:

یَا مَھْلَا ئِیل

یَا تَمْنَائِیل

یَا مِیکَائِیل

یَا جِبْرَائِیل

لکھ کر کاغذ کو موڑ کر بتی بنالیں۔ اس مڑے ہوئے کاغذ کو روئی میں لپیٹ لیں۔ روئی اور کاغذ کی بنی ہوئی بتی کو گھی یا زیتون کے تیل میں ایسی جگہ جلائیں جہاں سے مریض تک دھواں پہنچ سکے یہ عمل رات کو سوتے وقت کرنا چاہیے۔ صبح سویرے سورج نکلنے سے پہلے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ کی پوری

سورۃ پڑھ کر ایک پیالی پانی پر دم کر کے نہار منہ پلائیں۔ دو ہفتہ تک نمک بالکل نہ دیں۔ دو ہفتہ کے بعد ایک عرصہ تک نمک کم سے کم اور بہت کم مقدار میں استعمال کرائیں تین وقت خالص شہد کا استعمال بھی بہت ضروری ہے۔

آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہنے کا طریقہ

جب کوئی قوم اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون سے انحراف کرتی ہے اور خیر و شر کو جانتے بوجھتے قانون شکنی کی مرتکب ہوتی ہے تو اس کے اندر یقین کی قوتیں کم اور کم سے کم پڑ جاتی ہیں۔ جیسے جیسے یقین کمزور پڑتا ہے اس کے عقائد میں سقم واقع ہوتا ہے اور اس سقم کی وجہ سے وہ قوم توہمات میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ توہمات کے غلبہ سے انسان کے اندر وسوسے جنم لیتے ہیں۔ ان وسوسوں کی وجہ سے اس کے اندر حرص وہوس اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ زندگی کا دارومدار اللہ تعالیٰ کی بجائے وسائل پر رہ جاتا ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں سے قوموں کا زوال شروع ہوتا ہے اور قانونِ قدرت چونکہ ایسی قوموں کو برداشت نہیں کرتا اس لیے اس کے اوپر آفات ارضی وسماوی نازل ہوتی ہیں

ارادہ و عمل کے ساتھ بے یقینی کو ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے اور آفاتِ ارضی وسماوی سے محفوظ رہنے کے لیے 9 انچ چوڑے اور 12 انچ لمبے سفید آرٹ پیپر کے اوپر سیاہ چمکدار روشنائی سے بہت خوبصورت لکھ کر یا لکھوا کر یہ نقش اپنے گھر میں آویزاں کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ

یَا بَدِیْعُ یَا بَدِیْعُ یَا بَدِیْعُ

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

اگر خدانخواستہ کوئی وبا پھیل گئی ہو تو یہی نقش سفید چینی کی تین پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے لکھیں اور صبح شام اور رات کو پانی سے دھو کر سارے گھر والے پئیں، پینے میں پانی پکا کر استعمال کیا جائے۔

نوٹ: اگر زعفران دستیاب نہ ہو یا خریدنے کی استطاعت نہ ہو تو کھانے کا زرد رنگ استعمال کریں۔

امدادِ غیبی

اگر معاشی حالات اس درجہ خراب ہو جائیں کہ سدِ خار کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو صرف ان حالات میں یہ عمل پڑھنے کی اجازت ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ ط

یَا اِیۡلُ یَا اِیۡلَیَاہُ یَا اَللّٰہُ

یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ

یَا جِبۡرَائِیۡلُ یَامِیۡکَائِیۡلُ یَااَمۡنَائِیۡلُ یَا مَھۡلَائِیۡلُ

آدھی رات گزرنے کے بعد باوضو مصلے پر بیٹھ کر تین سو مرتبہ پڑھیں اور حالات سازگار ہونے کی دُعا کر کے بات کئے بغیر سو جائیں زیادہ سے زیادہ اکیس روز میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے امداد غیبی حاصل ہو جائے گی۔ اس کا طریقہ کچھ بھی ہو جو اللہ تعالیٰ پسند فرمائیں۔

استخارہ

کوئی کام کرنے سے پہلے استخارہ کرنا سنت ہے۔ استخارہ دراصل اللہ تعالیٰ سے مشورہ کرنا ہے۔

اِفۡتَحۡ یَا بَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَیۡرِ یَا بَدِیۡعُ ۲۱ مرتبہ درودِ خضری صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی حَبِیۡبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمۡ۔

اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد دائیں کروٹ لیٹ کر چہرے کے نیچے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی رکھ کر سو جائیں۔ سوتے وقت جو بات معلوم کرنی ہو اسے ذہن میں دہرائیں۔ زیادہ سے زیادہ تین یوم کے اندر خواب یا بیداری میں جو کچھ معلوم کیا گیا ہے منکشف ہو جائے گا۔

احساسِ کمتری

احساس کمتری قوت ارادی کی کمزوری سے واقع ہوتا ہے۔ جب یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہم کسی شخص کے سامنے نہیں جاسکتے، بات نہیں کر سکتے، ہم دوسرے لوگوں سے کمتر ہیں یا دوسرے لوگ ہم سے کمتر ہیں۔ یہ سب باتیں کمزور قوت ارادی کی عکاسی کرتی ہیں۔ طرزِ فکر صحیح ہو یا غلط دونوں کا تعلق دماغ کے ان خلیوں سے ہے جو زندگی میں کام آنے والے جذبات کی تخلیق کرتے ہیں۔ اور جذبات آدمی کی قوت ارادی کے تابع ہوتے ہیں۔ اس لئے جب کسی انسان کے اندر جذبات اس کے ارادہ کے تابع نہیں رہتے تو اس کی زندگی میں خلا واقع ہو جاتا ہے۔ اس خلاء کا دباؤ ہی دراصل احساس کمتری کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

نہایت آسان اور سہل علاج یہ ہے کہ آدمی ہر وقت باوضو رہے۔ باوضو رہنے میں اس بات کی احتیاط لازم ہے کہ بول و براز یا اخراج ریاح کے قدرتی عمل کو روکا نہ جائے کیونکہ اس سے بھی دماغ پر زور پڑتا ہے۔ ضرورت پڑنے پر دوبارہ وضو کرایا جائے۔

اداسی

یہ بات ہر آدمی جانتا ہے کہ کوئی شخص نہ تو ہمیشہ خوش رہتا ہے اور نہ سدا رنجیدہ لیکن یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ مسلسل ناکامیاں آدمی کو توڑ کر رکھ دیتی ہیں اور اس پر مایوسی مسلط ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت حال سے دماغ کو آزاد کرنے کے لیے مندرجہ نقش زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دیا جائے یا بازو پر باندھ دیا جائے تو اداسی ختم ہو جاتی ہے۔

ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ

کاغذ پر یہ نقش لکھنے سے پہلے دو دفعہ اور تعویذ لکھنے کے بعد ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعِ جَلَّ جَلَالُہٗ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ پڑھ کر دم کیا جائے اور دم کرتے وقت یہ تصور کیا جائے کہ تعویذ لکھنے والا اور مریض دونوں عرش کے نیچے کھڑے ہیں۔

بخار

عام بخار: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط

کاغذ پر لکھ کر بغیر موم جامہ کے سفید کپڑے کی دھجی میں باندھ کر گلے میں ڈال دیں۔ اُترنے پر تعویذ اور کپڑا دونوں جلا دیں۔

باری کا بخار: قُلْنَا یٰنَا رُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ۙ

بیری کی لکڑی یا کسی مومی کاغذ پر لکھ کر سفید دھجی میں باندھ کر گلے میں ڈال دیں۔ باری چاہے ایک دن کی ہو، دو دن کی ہو یا تین دن کی۔ جب اس سے نجات مل جائے گلے سے نکال کر جلا دیں۔

ٹائیفائیڈ موتی جھرہ۔ میعاری بخار۔ خسرہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ

یَا شَافِعُ یَاشَافِعُ یَاشَافِعُ

مُرِیْدٌ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ

زردہ کے رنگ کو پانی میں گھول کر روشنائی بنا لیں اور اس نقش کو پلیٹ پر لکھ کر استعمال کریں۔ یہ پانی ہر چار گھنٹہ کے بعد بڑوں کو ایک ٹیبل اسپون اور بچوں کو ایک ٹی اسپون پلائیں۔ اگلے روز پھر نئی

پلیٹ لکھ کر اسی طرح عمل کریں۔ تیسرے دن بھی یہی عمل دہرائیں۔ دوا اور غذا تین دن تک ممنوع ہے۔

بچوں کے امراض اور ان کا علاج

ام الصبیان (سوکھا) : بچوں کا خواب میں ڈرنا، زیادہ رونا، چیخ چیخ کر رونا، لرزنا، خود کو یا دوسروں کو نوچنا، بغیر کسی وجہ کے بار بار بخار ہونا، کسی قسم کی پیدائشی، بیماری یا کمزوری، صحیح نشو ونما نہ ہونا یا جسم پر سے گوشت ختم ہو جانا، سوکھ کر کانٹے کی طرح ہو جانا، پانی کی طرح دست آنا اور آنکھوں میں حلقے بن جانا، یہ سب ام الصبیان کے مرض کی علامتیں ہیں۔ اس سے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے موی کاغذ پر

۱۱ ۹۳ ۹۳ ۹۳ ۹۳ ۲

لکھ کر موم جامہ کر کے آسمانی کپڑے میں سی کر گلے میں ڈال دیں۔ ہفتہ میں ایک بار کپڑے کے خول سے نکالے بغیر تعویذ کو لوبان دھونی ضرور دیں۔

پسلی چلنا اور نمونیہ:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط ۝

یَا حَفِیۡظُ یَا حَفِیۡظُ یَا حَفِیۡظُ

یَا فَتَّاحُ الۡمُھَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ

یَا شَافِعُ یَاشَافِعُ یَاشَافِعُ

اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ

چینی کی طشتری پر زعفران اور پانی سے لکھ کر ایک یا دو گھونٹ دودھ سے دھو کر تین وقت پلائیں۔ احتیاطاً دو تین روز تک پلاتے رہنا چاہیے تا کہ نمونیہ کا اثر پوری طرح زائل ہو جائے۔

کان کا درد: قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۝ لا تین مرتبہ پڑھ کر ایک چمچہ پانی یا دودھ پر دم کر کے پلائیں۔

کالی کھانسی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط ۝

یَا حَفِیۡظُ یَا حَفِیۡظُ یَا حَفِیۡظُ

قَصۡ قَصۡ قَصۡ

مَا نِعَاتُ الۡمَاء

چینی کی طشتری پر زردہ کے رنگ سے لکھ کر صبح وشام گیارہ روز پانی سے دھو کر پلائیں۔

ضد کرنا: بچوں کی ضد ختم کرنے کے لیے اُم الصبیان والا تعویذ کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں

دانت نکلنا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط o

آلرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ o قف

بری عادت سے نجات

بری عادتیں (مثلاً چوری کرنا، جوا کھیلنا، نشہ کرنا، لوگوں کو خواہ مخواہ پریشان کرنا، بری صحبت میں بیٹھنا وغیرہ وغیرہ) چھڑانے کے لیے جب مریض سو جائے تو کوئی صاحب تین فٹ کے فاصلے سے ذرا اونچی آواز میں ایک مرتبہ قل اللہ شریف اکیس روز تک پڑھیں۔ (قل ھو اللہ سے مراد سورہ اخلاص) ہے۔

بے ہوشی سے ہوش میں لانے کیلئے

ایک پیالی پر ایک مرتبہ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط پڑھ کر پانی پر دم کریں اور یہ پانی مریض کے حلق میں ڈال دیں اور اسی پانی کا چھینٹا اس کے منہ پر ماردیں۔

برکت کیلئے

گھر یا کاروبار میں خیر و برکت نہ ہونے سے طرح طرح کی پریشانیاں پیش آتی ہیں اور گھر میں آئے دن لڑائی جھگڑے ہوتے رہتے ہیں۔ ماں باپ لڑتے جھگڑتے ہیں تو اولاد کے اوپر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ اولاد کی تربیت صحیح نہیں ہوتی تو ماں باپ کا ادب و احترام اُن کے دل سے اٹھ جاتا ہے۔ اور وہ ماں باپ سے لڑنے لگتی ہے۔

گھر میں خیر و برکت کے لئے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان یاد رکھنا بہت ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ فضول خرچی کرنیوالوں کو ناپسند کرتا ہے۔

تبادلہ کی منسوخی کیلئے

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہوگیا ہو اور اس کو رکوانا مقصود ہو تو اس کے لیے عشاء کی نماز کے بعد انیس روز تک انیس مرتبہ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ o ط (پوری سورۃ) پڑھ کر دعا کریں۔

تبادلہ کرانے کیلئے

اگر ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک شعبہ سے دوسرے شعبہ میں تبادلہ کرانا مقصود ہو تو عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی الْعَظِيْمُ تک پڑھ کر چالیس روز دعا کریں۔ کسی مجبوری سے ناغہ ہو

جائے تو دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لئے جائیں۔

مخالف کو تابع کرنا

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے، حاکم کو اپنے اوپر مہربان کرنے اور لوگوں میں باعزت اور سرخرو ہونے کے لئے، شوہر کی ناراضگی اور غصہ ختم کرنے کیلئے یا بد مزاج بیوی کو رام کرنے کیلئے وضو کر کے رات کو سونے سے پہلے سو مرتبہ:

بِسْمِ اللّٰهِ الْوَاسِعِ جَلَّ جَلَالُهٗ

پڑھ کر مقصود علیہ کا تصور کر کے پھونک ماردیں اور دعا کر کے سو جائیں۔ عمل کی مدت چالیس روز اور زیادہ سے زیادہ نوے دن ہے۔ خواتین ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لیں۔

اگر کسی ظالم یا سخت گیر حاکم کے دل میں نرمی اور محبت پیدا کرنا ہو تو کٓھٰیٰعٓصٓ (کاف ھا یا عین صاد) اسطرح پڑھیں کہ "ک" پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کر لیں "ہ" پڑھ کر برابر والی انگلی بند کر لیں "ی" پڑھ کر بڑی انگلی بند کر لیں۔ "ع" پڑھ کر انگشت شہادت بند کر لیں اور "ص" پڑھ کر انگوٹھا، انگشت شہادت کے آخری تیسرے پورے پر رکھ کر مٹھی بند کر لیں اور جب حاکم کے سامنے پیش ہو ہاتھ کھول دیں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ ہاتھ حاکم کی آنکھوں کے سامنے کھولا جائے۔

داغ دھبے اور زخم کے نشانات

جسم پر داغ اور دھبے چاہے وہ زخم کے ہوں یا جلنے کے ہوں ان سب کے لئے صبح سورج نکلنے سے پہلے اور رات کو سونے سے پیشتر بسم اللہ شریف کے بعد ایک ہزار بار **یَا شَافِیُ** پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور نشانوں پر پھیر لیں۔ ساتھ ہی جب بھی پانی یا کوئی مشروب پیئیں گیارہ مرتبہ **یَا شَافِیُ** پڑھ کر اس پر دم کر لیا کریں۔

درد

دانت یا داڑھ میں درد: اس دانت یا داڑھ کو جس میں درد ہو چٹکی سے پکڑ کر چھوڑ دیں اور چٹکی پر

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ○ پڑھ کر دم کریں۔

سر میں درد: ایک سوتی رومال پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط○

رَضِيْنَا بَانْقَضَيْنَا فَاْتُوْ بُرْهَانُ اَلْفَ مَرَّةٍ

پڑھ کر پھونک ماریں اور گرہ لگا دیں۔ یہ رومال سر میں اس طرح باندھیں کہ گرہ کنپٹی کے اوپر آجائے۔ اگر

درد پرانا ہو تو یہ رومال صبح سویرے باندھ کر رات کو سونے سے پہلے چند منٹ کے لئے کھول دیں، پھر باندھ لیں اور کئی روز تک یہ سلسلہ جاری رکھیں۔ وضو یا غسل کرتے وقت رومال کھول لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

کُتے کا کاٹنا

پارہ ۶۔ سورہ المائدہ کی آیت ۴۔

يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ط سے اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ تک

گیارہ مرتبہ پڑھ کر، پانی پر دم کر کے تین دن، روزانہ تین وقت پلائیں۔

گردہ کے جملہ امراض

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط ٥

ك و ن ق

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

۷۸۶ ۷۸۶ ۷۸۶

گردہ میں درد یا حی ہو پتھری کا ہو، دونوں حالتوں میں موی کاغذ پر مندرجہ بالا نقش لکھ کر گلے میں یا درد کی جگہ باندھیں۔ اس تعویذ کو دھو کر پلانا بھی بے انتہا مفید ہے۔ درد ختم ہو جاتا ہے اور اگر گردہ میں پتھری ہے تو وہ ریت بن کر پیشاب کے راستے خارج ہو جاتی ہے۔

آنتوں کے امراض

آنتوں میں زخم: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

اَلسَّلَاسِلُ فِىْ مَرْجَعِ الْبَحْرَيْنِ يَا اَللّٰهُ

تین پلیٹوں پر لکھ کر روزانہ صبح، شام اور رات کو پانی سے دھو کر چالیس روز پئیں غذا کا تعین کسی حکیم یا ڈاکٹر کے مشورہ سے کریں۔

آنتوں کی دق: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ٥ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ

سورج نکلنے سے پہلے گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک پیالی پانی پر دم کر کے نہار منہ نوے دن تک پئیں۔

آنتوں میں خشکی: تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ٥ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَا لُهٗ

وَ مَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ

عشاء کی نماز کے بعد ایک سو (۱۰۱) ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ چوبیس گھنٹے میں پینے کے لیے صرف یہی پانی استعمال کریں۔ مطلب یہ ہے کہ اتنے پانی پر دم کیا جائے جو دن اور رات کی ضرورت کے لیے کافی ہو۔ چوبیس گھنٹے گذرنے کے بعد اگر پانی بچ رہے تو اس پانی کو کسی کیاری یا درخت کی جڑ میں ڈال دیں اور اگلے چوبیس گھنٹے کے لیے نیا پانی تیار کریں۔

علاج کی مدت اکیس روز ہے۔ اس دوران کوئی دوسرا پانی نہ پیا جائے۔

آنت اترنا: رات کو سونے سے پہلے اکیس مرتبہ وَرَفَعَ دَرَجَاتُهُمْ پڑھ کر پیٹ پر پھونک مار دیں۔ علاج کی مدت نوے دن ہے۔ اس عرصہ میں لنگوٹ باندھنے کا انتظام کیا جائے۔

کند ذہنی دور کرنے کے لئے

اگر کوئی بچہ ابجی کند ذہن ہو پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو یادداشت کمزور ہو، پڑھا ہوا سبق یاد نہ رہتا ہو تو بچہ ابجی کے ذہن اور کند ذہنی ختم ہونے، پڑھائی میں دل نہ لگنے کیلئے درج ذیل آیت کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ باقاعدگی سے پلائیں انشاء اللہ جلد ہی ذہین اور ہونہار طالب علم بن جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝

(سورہ النساء پ ۵ آیت ۱۳۲)

اکسیر نسخہ برائے عارضہ قلب

(۱) ایک چائے کا کپ ادرک کا جوس (۲) ایک چائے کا کپ لہسن کا رس (۳) سیب کا اصلی دیسی سرکہ ایک کپ (۴) بیری کا شہد ایک کپ۔ (۵) لیموں کا رس آدھا کپ۔ سارے اجزا مکس کر کے رکھ لیں اور دو کھانے والے چمچے آدھ گلاس پانی میں گھول کر صبح دوپہر شام کھانے کے بعد درود شریف اور ہوالشافی کا ورد کر کے استعمال کریں انشاء اللہ اس کی برکت سے شفا ہو گی۔

سانس کی تکلیف کا نسخہ

(۱) کھجور کا گودا 2 عدد۔ (۲) ملیٹھی کا پاؤڈر آدھا چمچ۔ (۳) قصور کی سوکھی ہوئی میتھی چائے کے چمچ کا چوتھا حصہ۔ ڈیڑھ کپ پانی میں تینوں اجزاء ڈال کر خوب جوش دیں کہ ایک کپ پانی رہ جائے۔ نہار منہ صبح دوپہر شام (دو چمچ) لیں۔ انشاء اللہ فائدہ حاصل ہو گا۔

ڈینگی بخار (وائرس) سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ

۱۱،۱۱بار صبح شام پڑھیں۔

ایسا مرض جس سے اطباء عاجز ہوں۔ سفید چینی کی پلیٹ پر لکھ کر چالیس روز پلائیں۔ (یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ بِحَقِّ یَاحَیُّ اور سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ انشاءاللہ ضرور اثر ہوگا۔

خزانے کی چابی

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے والد گرامی حضرت امام محمد باقر العلوم علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا کے خزانوں میں ایک خزانہ یہ دعا ہے اسی دعا کو داؤ ورتی کو امام جعفر صادق علیہ السلام نے صبح وشام پڑھنے کو فرمایا۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ دِرْعِکَ الْحَصِیْنَۃِ الَّتِیْ تَجْعَلُ فِیْھَا مَنْ تُرِیْدُ

اسماء الحسنٰی

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو ان کا ورد کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔"

ہر ایک انسان کو دین اسلام کی اشاعت میں سعی وکوشش کرنا فرض عین ہے۔ مسلمانوں کو مفید باتیں تعلیم کرنا لازم وواجب ہے۔ جس کسی شخص کو کچھ اسلام کے بیش قیمت خزانے معلوم ہیں ان کو ظاہر کرنا مناسب ہے کیونکہ (بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً) یعنی میری باتیں مسلمانوں کو بتاؤ" آقا ﷺ کا ارشاد ہے۔ حسب ارشاد عالی یہ جی چاہا کہ ایک مختصر سی اسماء الٰہی یعنی اللہ تعالیٰ کے ناموں کی شرح لکھی جائے جس کی وجہ سے مسلمانوں کی روحانی طاقت میں ترقی ہو اور رحمت الٰہی کی گھٹا ان پر برکتوں کا مینہ برسائے۔ دونوں جہان میں ان کی حاجتیں پوری ہوں۔ مسلمانو! ارحم الراحمین رب العالمین کا ارشاد ہے: (وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا) "یعنی حق تعالیٰ کے بہت سے نام پاک ہیں۔ اُن ناموں کو لے کر اپنے مولا کو پکارو" پھر دوسری آیت میں ارشاد ہے: (اُدْعُوْنِیْ) "لوگو! مجھے پکارو میں سونوں گا۔ مجھ سے مانگوں میں دوگا"۔ تیسری آیت میں ارشاد ہے (وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ قِیْلًا) "خداوند تعالیٰ سے زیادہ کون سچا ہوسکتا ہے۔ سچوں کا سچا ارشاد فرمائے پھر وہ کیسا مسلمان ہے جو اس نعمت سے محروم ہو جائے مسلمانو! اللہ تعالیٰ کے ننانوں نام ہیں اللہ ایک اسم ذات ہے باقی سارے نام اسم صفات ہیں۔ ہر ایک اسم معظم کی الگ الگ سلطنت اور بادشاہت ہے۔ ایک ایک کی جداجدا تاثیر ہے۔ یہ تو کسی کی کیا مجال ہے جو ایک نام کی بھی تاثیر کا بیان کر سکے۔ کون ہے جو اس سمندر کو پی سکے۔ مگر ایک ایک قطرہ بھی ہر دریا سے لینا دو جہاں کے لئے کافی ہے۔ اسی بنا پر ہر ایک نام کی معنی اور اس کا وظیفہ ذکر کیا جارہا ہے جب آپ اسماء الحسنٰی

کو بطورِ ذکر ورد کرتیں تو یا کے ساتھ ورد کریں مثلاً یا اللہ۔ یا رحمن ۔ یا رحیم ۔ یا مومن۔

آیئے اب ہم آپ کو اللہ رب العزت۔ کے چند بابرکت ناموں کے خواص وتاثیرات سے آگاہ کرتے ہیں، جن پر عمل کر کے آپ بہت سی پریشانیوں اور مصیبتوں سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں۔

یَا اَللہُ: اسم ذات ہے اور اسم اعظم ہے۔ صبح نہار منہ تازی روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ یا لکھ کر کند ذہن بچہ کو کھلائے۔ سات دن یا گیارہ دن یا اکیس دن جیسی ضرورت ہو عمل کر کے کند ذہین بچوں کا ذہن کھل جائے گا۔

یَا مُتَکَبِّرُ: اے نہایت بزرگ اور بڑے۔ جس شخص کو خواب یا سوتے ہوئے خوف و ڈر معلوم ہو سونے سے پہلے اکیس دفعہ اس مبارک اسم کو پڑھ کر خاموش ہو کر سو رہے انشاء اللہ پھر کبھی بدخوابی نہ ہوگی۔

یَا مُصَوِّرُ: اے انسان اور حیوان کی صورت بنانے ولاے اگر بانجھ عورت ساتھ روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد یا مُصَوِّرُ اکیس دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کرے حق تعالیٰ اسے فرزند صالح عطا کرے گا

یَا غَفَّارُ: اے بندوں کے گناہ معاف کرنے والے۔ اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں راضی نامہ چاہتا ہو اور فریق ثانی نہ مانتا ہو ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ یا غَفَّارُ پڑھے اور پھر دعا کرے انشاء اللہ فوراً مقصود حاصل ہوگا دشمن خود بخود التجا کرے گا۔

یَا وَھَّابُ: اے بہت دینے والے۔ جو شخص فاقہ سے لاچار ہو کوئی صورت کشائش رزق کی نہ ملے ایک ہزار مرتبہ ہر روزہ اس اسم کو فجر کی نماز کے بعد پڑھے اور ہمیشہ ہی ایسا کرتا رہے۔ تھوڑے سے عرصہ میں روزق کی فراخی ہوگی کہ ہر شخص حیران ہوگا۔

یَا رَزَّاقُ: اے روزی دینے والے۔ جو کوئی صبح صادق ہونے کے بعد صبح کی نماز سے پہلے اپنے گھر کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر دس دفعہ یَا رَزَّاقُ پڑھے گا اور یہ عمل کرتا رہے گا کبھی اس گھر میں مفلسی نہ آئے گی، لیکن یہ عمل اس طرح پڑھے کہ مکان کے داہنے کونے سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی طرف سے نہ پھیرے۔

یَا عَلِیْمُ: اے جاننے والے ظاہر و باطن کے۔ جس شخص کو استخارہ کے طور پر کسی بات کا نیک و بدانجام معلوم کرنا منظور ہو جمعہ کی شب کو عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں جا کر سو دفعہ یَا عَلِیْمُ کہے اور پھر خاموش ہو کر سو رہے اسی رات کو انشاء اللہ پورا پورا حال معلوم ہو جائے گا۔

یَا قَھَّارُ: اے سب پر غالب اور زبردست۔ فجر کی نماز سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے جو شخص سو مرتبہ گیارہ روزہ یا قَھَّارُ پڑھے جو دشمن سامنے آئے گا ذلیل ہوگا۔

یَامُعِزُّ: اے عزت دینے والے۔ جو کوئی اس نام کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر صبح کو کہیں سفر پر جائے گا کوئی اذیت کی بات سامنے نہ آئے گی اور سارے سفر میں نہایت عزت وآبرو سے رہے گا مع الخیر واپس گھر لوٹے گا۔

یَامُذِلُّ: اے ذلت دینے والے۔ جو شخص کسی دشمن سے ڈرتا ہو باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پچھتر دفعہ یَامُذِلُّ سجدے میں جا کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ حاسد اور دشمن سے محفوظ رکھے گا

یَاحَلِیْمُ: اے نہایت حلم والے، بڑا بردبار۔ جو کوئی ہر ظہر کی نماز کے بعد نوبار اس اسم کو پڑھے گا ہمیشہ خلقت کے سامنے ندامت یا ذلت حاصل نہ ہوگی۔

یَاعَظِیْمُ: اے بزرگ اور بڑے۔ اگر سات مرتبہ یا عظیم پڑھ کر پانی پر دم کرے کے پانی پیا جائے انشاء اللہ کبھی پیٹ میں درد نہ ہوگا۔ اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یَاعَظِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے یا کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے بفضلہٖ تعالیٰ فوراً آرام ہوگا۔

یَاعَلِیُّ: اے بلند مرتبہ والے۔ اگر کسی جگہ درد ہو اور ورم بھی ہو گیا ہو تین سو دفعہ اس نام کو پڑھ کر ورم کی جگہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ورم کا درد دُور ہوگا۔ جس شخص کو خونی بواسیر ہو ایک ہزار مرتبہ یا علیُّ پڑھ کر پانی پر دم کر کے نوش کرے۔ سات روز میں خون بند ہوگا بواسیر انشاء اللہ جاتی رہے گی۔

یَامُقِیْتُ: اے قوت دینے والے۔ اگر کسی کا بچہ ضدیں کرتا اور روتا ہو وہ شخص سات دفعہ اس اسم کو پڑھ کر خالی آبخورہ میں دم کرے پھر اس میں پانی بھر کر بچہ کو پلائے انشاء اللہ سات روز کے عمل میں بچہ ضدیں کرنا رونا دھونا مع الخیر موقوف ہوگا۔

یَاکَرِیْمُ: اے بہت کرم کرنے والے۔ اگر کسی شخص کے ماں باپ بخیل ہوں یا کسی عورت کا خاوند بخیل ہو ایک ہزار مرتبہ یا کریم پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے تین روز کے اندر انشاء اللہ تعالیٰ کسی قدر سخاوت کی صفت پیدا ہوگی اور وہ تنگ دلی کم ہوگی۔

یَامُجِیْبُ: اے قبول کرنے والے۔ اگر کسی کے سر میں درد ہو داہنے ہاتھ سے سر پکڑ کر اوّل 3 مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کرے پھر دوسری مرتبہ 5 دفعہ پھر تیسری مرتبہ 7 دفعہ پھر چوتھی مرتبہ 9 مرتبہ اور پانچویں مرتبہ 11 دفعہ انشاء اللہ سر کا درد دُور ہوگا۔

یَاحَکِیْمُ: اے حکمت والے۔ اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی ہو تو ایک ہزار ایک مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر اس نام کو پڑھ کر دم کیا جائے اور لڑنے والے اور بدمزاجی کرنے والے کو کھلایا جائے انشاء اللہ فوراً اتفاق اور محبت پیدا ہوگی۔

یَاوَدُوْدُ: اے دوست رکھنے والے۔ اگر عورت خاوند کے لیے تین ہزار مرتبہ یا وَدُوْدُ پڑھ کر کسی قسم کے عطر پر دم کرے پھر وہی عطر لگا کر خاوند کے سامنے آجائے خاوند اس

عورت کو بے حد محبوب رکھے گا۔

یَا بَاعِثُ: اے مرنے کے بعد زندہ کرنے والے۔ جو کوئی کسی بدمزاج حاکم کے سامنے جانا چاہے سات مرتبہ اس مبارک نام کو اپنے اوپر پڑھ کر پھونکے اور پھر حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ وہ حاکم نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

یَا حَقُّ: اے ثابت اور موجود۔ اگر قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو ساٹھ دفعہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ العزیز مع الخیر خلاصی پائے گا۔ اگر کوئی شخص اپنے مقدمہ میں حق فیصلہ ہو جانا چاہتا ہو تو ایک سو دفعہ (سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ) پڑھ کر سات ہزار مرتبہ یَا حَقُّ پڑھے انشاء اللہ تین روز کے عمل میں حق ظاہر ہوگا اور مقدمہ ٹھیک اور حق طور پر فیصل ہوگا۔

یَا قَوِیُّ: اے زبردست طاقت والے۔ اگر کوئی شخص جمعہ کے دن سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ کے بعد تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے مزاج کی بھول اور نسیان رفع ہوگا مگر کم سے کم سات جمعہ اس عمل کو برابر کیا جائے۔

یَا مَتِیْنُ: اے مضبوط۔ اگر کوئی بچہ دودھ چھوڑنے کے صدمہ سے روتا ہو اور صبر نہ کرتا ہو تو سات مرتبہ اس نام کو لکھ کر گھول کر بچے کو پلا دیں انشاء اللہ بچہ کو صبر آ جائے گا۔

یَا وَلِیُّ: اے مددگار اور دوست۔ جو شخص اس نام کو زیادہ پڑھے گا دل اس کا صاف ہوگا نشاء اللہ اپنے مخاطب کے دل کی بات سے آگاہ ہو جائے گا۔ جس عورت کا خاوند یا نوکر یا آقا بدمزاج ہو وہ عورت یا نوکر اس نام کو پڑھتا ہوا خاوند یا آقا کے سامنے جائے انشاء اللہ نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

یَا حَمِیْدُ: اے تعریف کے لائق۔ جس شخص کی زبان پر گالیاں اور فحش الفاظ زیادہ جاری ہوں، وہ کسی طرح زبان کو پاک نہ کر سکتا ہو تو نو بار کورے پیالے پر اس نام کو لکھے اور نوے مرتبہ پڑھ کر پیالہ پر دم کرے انشاء اللہ ضرور بدکلامی سے محفوظ رہے گا۔

یَا مُعِیْدُ: اے دوسری بار پیدا کرنے والے۔ اگر کسی کا مال جاتا رہے سات ہزار مرتبہ عشاء کے بعد اس مبارک نام کو پڑھے نشاء اللہ مال کا پتہ لگ جائے گا۔

یَا مُمِیْتُ: اے مارنے والے جس شخص کو جادو کا خوف ہو سات مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کرے کبھی کوئی جادو اثر نہ کرے گا۔ ہر اک قسم کا جادو اس شخص کے پاس آن کر مر جائے گا۔ جس شخص کا نفس غالب ہو اور اس شخص کو اپنے نفس پر قدرت نہ ہو تو رات کو سوتے وقت اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس نام کو پڑھتے پڑھتے سو جائے سات روز میں انشاء اللہ نفس امارہ مطیع ہوگا۔

یَا وَاجِدُ: اے یکتا اور اکیلے اپنی ذات میں۔ جس شخص کے بیٹا نہ ہوتا ہو اور اسے اس کی تمنا ہو رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد اس نام کو ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھے پھر اس کو بطور تعویذ اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ اسی سال فرزند صالح پیدا ہوگا۔

یَا اَحَدُ: اے تنہا اور یگانہ۔ جو شخص اس نام کو نوے مرتبہ پڑھ کر کسی کام کے لیے یا کسی شخص کی ملاقات کو جائے گا نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا وہ کام بھی نہایت سہولت سے انشاء اللہ بن جائے گا۔

یَا ظَاهِرُ: اے سب جگہ ظاہر۔ اگر کسی بارش کا طوفان یا آندھی کا طوفان آتا معلوم ہوتا ہو اس نام کو بکثرت پڑھنا نہایت مفید ہوتا ہے۔ جس مکان کی پیشانی یا دیوار پر ان نام کو لکھا جائے گا وہ مکان اور دیوار زلزلہ کے صدمہ سے سلامت رہے گی۔

یَا بَرُّ: اے اچھے کام کرنے نہایت احسان کرنے والے۔ اگر کسی بچہ کو نظر لگ جاتی ہو سات مرتبہ یا برُّ پڑھ کر بچہ پر دم کرے انشاء اللہ وہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ: اے بزرگی اور اکرام والے۔ جو شخص سو دفعہ اس نام کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تین روز میں شفا پائے گا۔

یَا مُقْسِطُ: اے انصاف کرنے والے۔ جس شخص کو نماز میں شیطانی وسوسے کم یا بہت آتے ہوں وہ صبح کو ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ چالیس دن کے اندر وسوسے کم ہو جائیں گے۔

یَا غَنِیُّ: اے بے پروا۔ اگر دوکاندار یا سوداگر دکان یا تجارت کے مکان کا قفل کھولنے سے پہلے ستر مرتبہ یا غنی پڑھے گا انشاء اللہ مال تجارت مین برکت ہوگی۔ کبھی نقصان نہ ہوگا۔

یَا نَافِعُ: اے نفع پہنچانے والے۔ ہر ایک چیز یا نیا مال خریدنے کے وقت پہلے اکتالیس مرتبہ اس نام کا پڑھنا پھر سودا خریدنا تجارت میں نہایت برکت دیتا ہے۔

یَا بَاقِیُ: اے ہمیشہ رہنے والے۔ اگر کسی کھیت کے برباد ہونے کا خیال ہو چار عدد ٹھیکریوں پر اَللّٰہُ بَاقِیْ تین تین مرتبہ ٹھیکری پر لکھ کر کھیت یا باغ کے چاروں کونوں پر ایک ایک ٹھیکری پر دفن کر دے بفضلہ تعالیٰ ہلاکت سے محفوظ رہے گا۔

یَا قَادِرُ: اے قدرت والے۔ اگر کوئی شخص بیماری کی وجہ سے کمزور ہو گیا اس مبارک نام کو سو دفعہ ہر روز پڑھے انشاء اللہ مریض میں صحت اور قوت پیدا ہوگی اور مرض روز بروز کم ہوتا جائے گا۔

یَا مُقْتَدِرُ: اے اپنی قوت ظاہر کرنیوالے۔ جو شخص سوتا بہت ہو اور وہ چاہے کہ میری نیند یا غفلت یا مزاج کی بھول کم ہو جائے وہ اس نام کو پانچ مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ بہت جلد نیند غفلت اور بھول رفع ہو کر مزاج میں ہوشیاری پیدا ہوگی۔

یَا مُقَدِّمُ: اے نیک بندوں کو اپنے قرب میں رکھنے والے۔ جو شخص ایک مرتبہ ہمیشہ اس مبارک نام کو وظیفہ بنا کر پڑھے گا اس کا نفس فرمانبرداری اور اطاعت الٰہی میں تابعدار رہے گا۔

بعض عقائد کے مطابق تاریخ پیدائش کے حساب سے نام رکھنا۔ برج، ستارہ کے مطابق موافق پتھر پہننا مبارک دن، عدد اور مزاج کا جاننا اچھا شگون ہے یا یوں سمجھئے کہ کچھ لوگ ایسے علم کو جاننا چاہتے ہیں اس کے علاوہ ذکر الٰہی کیلئے اسمائے حسنیٰ کونسا پہلا حرف ہونا چاہیے وہ بھی جدول میں دے دیا گیا ہے۔ پہلے جدول میں برج کا نام ستارہ وقت تاریخ نام کا پہلا حرف دیا گیا ہے۔ عدد جدول میں موافق رنگ برتھ سٹون موزوں دھات دوست ستارے دشمن ستارے اور غیر جانبدار ستارے دے دیئے گئے ہیں۔

نام کے پہلے حرف اور تاریخ کے اعتبار سے برج اور ستارہ جاننا (الف)

نمبر شمار	برج کا نام	ستارہ	وقت بتاریخ	نام کا پہلا حرف	ذکر کیلئے اسمائے الٰہی کا پہلا حرف	مبارک عدد	ادوار لعشور ماہ کی تین رہائی کے ستارے	مبارک دن	مزاج
1	حمل	مریخ	21 مارچ سے 20 اپریل	ا۔آ۔ع۔ل۔ی	ط۔ی۔ث۔ل	9	زحل۔مشتری۔مریخ	منگل	آتشی
2	ثور	زہرہ	21 اپریل سے 20 مئی	ب۔و۔او	ف۔ص۔ق۔ر	6	عطارد۔قمر۔زحل	جمعہ	خاکی
3	عطارد	عطارد	21 مئی سے 20 جون	ق۔ک	ش۔ت۔ث۔خ	3	مشتری۔مریخ۔شمس	بدھ	بادی
4	سرطان	قمر	21 جون سے 20 جولائی	ہ۔ہی۔ہا	ذ۔ض۔ظ۔غ	5	مشتری۔مریخ۔شمس	سوموار	آبی
5	اسد	شمس	21 جولائی سے 20 اگست	م۔ی۔ا	م۔ن۔س۔ع	1	زحل۔مشتری۔مریخ	اتوار	آتشی
6	سنبلہ عذرا	عطارد	21 اگست سے 20 ستمبر	پ۔پا۔غ	ش۔ت۔ث۔خ	5	شمس۔زہرہ۔عطارد	بدھ	خاکی
7	میزان	زہرہ	21 ستمبر سے 20 اکتوبر	ر۔ت۔ط	ف۔ص۔ق۔ر	6	قمر۔زحل۔مشتری	جمعہ	بادی
8	عقرب	مریخ	21 اکتوبر سے 20 نومبر	ذ۔زض۔ظ۔ن	ی۔ث۔ل	9	مریخ۔شمس۔زہرہ	منگل	آبی
9	قوس	مشتری	21 نومبر سے 20 دسمبر	ذ۔پھ	ھ۔و۔ذ۔ج	3	عطارد۔قمر۔زحل	جمعرات	آتشی
10	جدی	زحل	21 دسمبر سے 20 جنوری	ج۔ح۔خ۔گ	ا۔ب۔ج۔د	8	مشتری۔مریخ۔شمس	ہفتہ	خاکی
11	دلو	زحل	21 جنوری سے 19 فروری	ث۔س۔ش۔ص	ا۔ب۔ج۔د	8	زہرہ۔عطارد۔قمر	ہفتہ	بادی
12	حوت	مشتری	20 فروری سے 20 مارچ	د۔چ	ھ۔و۔ذ۔ج	7	زحل۔مشتری۔مریخ	جمعرات	آبی

برج، ستارے کے مطابق اپنا پتھر اور نگینہ چنیے یہی آپ کا پیدائشی برتھ سٹون ہے (ب)

نمبر شمار	ستارہ	برج	مبارک عدد	مبارک دن	موافق رنگ	برتھ سٹون۔راس پتھر	موزوں دھات	دوست ستارے	دشمن ستارے	غیر جانبدار ستارے
1	مریخ	حمل عقرب	9	منگل	سرخ، قرمزی	یاقوت۔مرجان، لعل، عقیق حجر الام، موناز ائٹ لعل زمانی	ٹین، چاندی	مشتری، قمر شمس	عطارد	زحل، زہرہ
2	زہرہ	ثور میزان	6	جمعہ	گلابی، سفید نیلا زرد	ہیرا، الہسنیا، زبرجد، کنز رائٹ، گارنٹ	تانبا، چاندی	عطارد، زحل	قمر شمس	مریخ، مشتری
3	عطارد	جوزا سنبلہ	5	بدھ	زرد۔گولڈن ارغوانی	پکھراج، زرقون۔پریڈٹ رودراکھ۔کالی	تانبا، سونا پلاٹینم، المونیم	شمس، زہرہ	قمر	زحل۔مریخ۔مشتری
4	قمر	سرطان	2	سوموار	سبز، سفید، سرمئی	مروارید کارنڈیم، اوپل، حجر القمر، اور نجف	چاندی	شمس	عطارد	مریخ۔مشتری۔زحل
5	شمس	اسد	1	اتوار	نارنجی، زرد، اورنج	سن سٹون، کہربا۔الیگرو ڈرائٹ	سک تانبا	قمر مریخ مشتری	زحل، زہرہ	عطارد
6	مشتری	قوس حوت	7-3	جمعرات	بنفشی۔سلیٹی، سبز سفید	ایکوامرین، ایمتھسٹ، فیروزہ، لاجورد رجد، سنگ یشب، سنگ یسم، اینٹ وٹ	لوہا، ٹین، سونا	شمس، قمر، مریخ	عطارد زہرہ	زحل
7	زحل	جدی دلو	4-8	جمعہ	کالا، نیلا، نیوی بلو	نیلم، گارنیٹ، سنگ ستارہ، سنگ حدیزہ۔مرمری، سنگ سلیما	سکہ چاندی، پلاٹینم	زہرہ۔عطارد المونیم	قمر۔	مریخ، شمس مشتری

ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر 22۔اُردو بازار لاہور
فون: 042-37116363
موبائل: 0333-4224994